SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۴} مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۷ شعبان المعظم سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۲۰ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء {جلد ۵۰

حصہ دویم

احکام اجلاس عالیمرتبت منسٹرز و سکرٹریز صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲تا۳
۲	حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر	۳
۳	نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور	۴تا۵
۴	متفرق احکام سکرٹری صاحبان بہادر و افسران صیغہ	۶تا۸
۵	نقشہ موسمی حالات	۹
۶	نقشہ اجناس ریاست رامپور	۱۰

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

واقع ۱۰ ستمبر ۱۹۴۱ء

ایک قطعہ اعلان مشمولۂ ہذا کی گزٹ ریاست رامپور میں شائع کئے جانے کی منجانب گورنمنٹ رام پور منظوری دیجاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ بعد اجرائے احکام اصل کاغذات محکمۂ دارالانشاء کو واپس بھیجے جائیں

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ ۸۰ فقرہ (الف) قواعد تحفظ ہند ریاست رام پور گورنمنٹ رام پور باتباع نوٹیفکیشن نمبری ۱۰۲ (۱۸) ای۔ ٹی۔ (بی) ۴۱ مورخہ یکم اگست ۱۹۴۱ء مجریہ کامرس ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند اعلان کرتی ہے کہ جملہ باشندگان ریاست کو سابق اطالوی مشرقی افریقہ Italian East Africa. کے کسی شخص یا جماعت اشخاص (منظم یا سند یافتہ) سے جو وہاں کاروبار کرتی ہو۔ تجارتی اور حسابی لین دین کرنے کی اجازت،

حکم

۵ ستمبر ۱۹۴۱ء

ایک قطعہ اعلان مشمولۂ ہذا کی گزٹ ریاست رامپور میں شائع کئے جانے کی منجانب گورنمنٹ رامپور منظوری دیجاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمۂ دارالانشاء واپس بھیجے جائیں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ ۱۰۵ تحتی قاعدہ (۱) قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور اعلان کرتی ہے کہ الفانس ہملیر Ilfons Himmler باشندہ شنگہائی کے مملوکہ انگلش بنک نوٹ قیمتی تیس پونڈ نامبردہ کے رعایا دشمن ہونیکی وجہ سے محافظ مال غنیم برطانیہ ہند کے سپرد کردیئے گئے تھے۔ اب بموجب نوٹیفکیشن نمبری ۹۵ (۴۴) ای۔ ٹی (اے) ۴۱ مورخہ ۲۱ اگست ۱۹۴۱ء مجریہ کامرس ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند نوٹ مذکور محافظ مال غنیم برطانوی ہند سے لیلئے گئے ہیں اور الفانس ہملیر (Ilfons Himmler) مذکور کی ملکیت متصور ہونگے۔

حکم

۱۵ ستمبر ۱۹۴۱ء

ایک قطعہ اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست رامپور میں شائع کئے جانے کی بجانب گورنمنٹ رامپور منظوری دیجاتی ہے

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے، اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ دار الانشاء کو واپس بھیجے جائیں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ ۱۸ تحتی قاعدہ (۲) قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور مشین ٹول کنٹرول آرڈر ریاست رامپور ۱۹۴۱ء میں حسب ذیل ترمیمات منظور کرتی ہے۔

(الف) آرڈر مذکور کے ضمیمہ میں عبارت "جو معرض تحت عمل کے ہوں (ایسی مدت کا حساب اگر آلہ مشین کی تشکیل دوبارہ کی گئی ہے تو ایسی تشکیل کے دئیے جانیکی تاریخ سے اور دیگر صورت میں اسکی تاریخ ساخت سے)" حذف کیا جائے۔

(ب) آرڈر مذکور کے ضمیمہ کے جملہ کالموں کے دوسرے کالم میں الفاظ "مدت استعمال" اور جملہ اندراجات تحت الفاظ مذکور حذف کئے جائیں۔

حکم

تین قطعہ اعلانات بابت ترمیمات قواعد تحفظ ہند مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست رامپور میں شائع کئے جانے کی بجانب گورنمنٹ رامپور منظوری دیجاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے حسب ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے، اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ دار الانشاء کو واپس بھیجے جائیں۔

۱۶ ستمبر ۱۹۴۱ء　　دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند کے قاعدہ ۵۱ (د) کی بجائے قاعدہ ۵۱ (د) کا اندراج مطبوعہ مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۵۹۷-او-آر-ایم مورخہ ۱۶ اگست ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند کے قاعدہ ۵۱ میں ترمیم مطابق ترمیم مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۱۹۰۸-ایس-ایم-ایم مجریہ ڈیفنس کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند مورخہ ۱۰ اگست ۱۹۴۱ء منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند کے قاعدہ ۸۱ تحتی قاعدہ (۲) فقرہ (ب-ب) میں ترمیم مطابق ترمیم مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۹۴۹ او-آر-ایم مورخہ ۲۳ اگست ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند منظور کرتی ہے۔

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر

حکم

مورخہ ۱۰ ستمبر ۱۹۲۱ء

اعلان مورخہ ۵ اپریل ۱۹۲۱ء مطبوعہ اسٹیٹ گزٹ ۱۶ اپریل ۱۹۲۱ء گورنمنٹ رامپور شفاخانہ حیوانات واقع متصل فیلخانہ سرکاری شہر رامپور کو زیر ضمن (۲) دفعہ ۵ قانون انسداد بیرحمی جانوران ریاست رامپور ۱۹۲۱ء دارالشفا معین کرچکی ہے۔ اب دفعہ مذکورہ بالا کی ضمن (۳) کے تحت جانوران کے کھلانے پلانے کے خرچے کے تعین کی ضرورت ہے۔ لہذا حکم ہوا کہ مندرجہ ذیل شرح سے جانور کے مالک سے خرچہ وصول کیا جائے گا

جانور

(یعنی گھوڑے۔ ٹٹو وغیرہ)

۱۔ درجہ اول۔ جو چودہ۔ دو ہاتھ کے اونچے ہوں۔ ۴ پیسہ

۲۔ درجہ دوم۔ جو تیرہ۔ دو ہاتھ سے چودہ۔ دو ہاتھ تک ہوں ۳ پیسہ

۳۔ درجہ سوم۔ جو تیرہ۔ دو ہاتھ سے نیچے ہوں۔ ۲

مویشیان

(یعنی بھینس۔ بیل وغیرہ)

۱۔ درجہ اول۔ جنکا وزن ایک ہزار پونڈ سے زائد ہو۔ ۶ پیسہ

۲۔ درجہ دوم۔ جنکا وزن ایکہزار پونڈ سے کم اور آٹھ سو پونڈ سے زائد ہو ۵ پیسہ

۳۔ درجہ سوم۔ جنکا وزن چھ سو پونڈ سے آٹھ سو پونڈ تک ہو ۴ پیسہ

انجمن انسداد بیرحمی جانوران معالجہ کیلئے فی الحال کوئی شرح مقرر کرانا نہیں چاہتی۔ یہ معالجہ مفت ہوگا۔ حکم ہوا کہ روبکار ہذا برائے اجرائے احکام سررشتہ صدر کو بھیجا جائے ایک ایک نقل اسکی تمام عدالت ہائے مجسٹریٹی صدر و تحصیلات میں بھیجی جائیں۔ ایک نقل صاحبزادہ مسعود الظفر خاں صاحب بہادر ممبر مجلس منتظمہ و سکریٹری انجمن انسداد بیرحمی جانوران کی خدمت میں بغرض اطلاع بھیجی جائے۔ اور ایک نقل برائے اشاعت گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے۔

دستخط عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر و چیف مجسٹریٹ

فہرست مقدمات عدالت عالیہ ہائی کورٹ رامپور

نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء لغایتہ ۱۸ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء بغرض اشاعت گزٹ بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ اسٹیٹ پریس مرسل ہو۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر)

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء	جمعہ	تعطیل جمعہ	.	.	.
۱۳ " "	شنبہ	عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودہری شرف الزماں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام عبدالحق	سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	چار کس گواہان کے بیانات قلمبند ہوئے حسب استدعائے وکیل ملزم ڈاکٹر مہابیر پرشاد صاحب برائے تعیین ۱۴ ستمبر طلب ہوں۔
"	"	عالیمرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خاں صاحب بہادر	شہزادہ خاں بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۴ "	اپیل منظور ہو۔ اپیلانٹ جرم دفعہ ۵۱ تعزیرات رامپور سے بری ہو تجویز حکم سزا مجوزہ عدالت ماتحت منسوخ ہو۔
۱۴ " "	یکشنبہ	"	شیو چرن لال وغیرہ بنام نقشبند خاں	اجرائے ڈگری سیول مطالبہ	فریقین کی بابتہ امین کی رپورٹ پیش ہوئی وکیل ڈگریدار نیلام کی بابتہ طلبانہ فیس وغیرہ داخل کریا مسل ۲۰ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء کو پیش ہو۔
"	"	"	محبوب خاں بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۴ تعزیرات رامپور	بحث سماعت ہوئی دوران بحث میں انصاف کی غرض سے ڈاکٹر صاحبان معائنہ کنندہ برائے تعیین ۲۰ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء طلب ہوں۔
"	"	عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودہری شرف الزماں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام عبدالحق	سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	ڈاکٹر مہابیر پرشاد صاحب کا بیان جرح قلمبند ہوا اور چار گواہان کے بیانات قلمبند ہوئے۔ بیان ملزم کیلئے مقدمہ ۱۵ ستمبر پیش ہو۔
۱۵ " "	دوشنبہ	عالیمرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام روشن وغیرہ	سیشن جرم دفعہ ۳۹۶ تعزیرات رامپور	بحث سماعت ہوئی تجویز کیلئے ۲۲ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء پیش ہو۔
"	"	"	ساۃ بلقیس بیگم بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری نسبت سامان مقروقہ	" " " " ۱۹ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء "
"	"	عالی مرتبت مسٹر جسٹس چودہری شرف الزماں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام عبدالحق	سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	استفسار ملزم اور حسب استدعاء وکیل ملزم مسٹر فیاض علی صاحب مجسٹریٹ طلب کئے گئے مقدمہ ۱۶ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء کو پیش ہو۔
"	"	عالیمرتبت مسٹر جسٹس سید الہی صاحب بہادر انصاری	سید شجاعت علی بنام بیگان خاں وغیرہ	اپیل اول دیوانی	اپیل ہذا منظور ہو خرچہ فریقین ذمہ فریقین رہے۔
"		عالیمرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خاں صاحب بہادر	گنگا سرن بنام سردار بیگم	اجرائے ڈگری سیول رقم	اجراء ہذا تا فیصلہ عذرداری محمود الحسن خاں بنام گنگا سرن وسردار بیگم ملتوی ہو۔
۱۶ " "	سہ شنبہ	عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	لکھا سنگھ بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۴۹۸ تعزیرات رامپور	بحث سماعت ہوئی زیر تجویز رہے۔
" "	"	"	ہردیال بنام گنگی وغیرہ	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۳۲۳ تعزیرات رامپور	ایضاً
" "	"	عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودہری شرف الزماں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام عبدالحق	سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	منشی فیاض علی خاں صاحب مجسٹریٹ کا بیان قلمبند ہوا بحث سماعت ہوئی صفائی ختم ہوئی تجویز کے لئے ۱۸ ستمبر سنہ ۱۹۴۱ء پیش ہو
" "	"	عالیمرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خاں صاحب بہادر	ساۃ بلقیس بیگم بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری	نگرانی سائلہ نامنظور ہو۔
" "	"	"	"	"	بشرح صدر

۱۳ ستمبر ۱۹۲۱ء	چہارشنبہ	عالی مرتبت مسٹر ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	ہردیال بنام کنہی وغیرہ	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳ تعزیرات ہند	حکم عدالت پنج مجسٹریٹی درجہ سوم مصدرہ ۲۰ مارچ ۱۹۲۱ء متضمن عدم طلبی گواہ سجاد محمد خاں کاتب رپٹ منسوخ ہو۔ اور سفارش ذی علم عالیرتبت صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر متضمن طلب کئے جانے گواہ مذکور منظور ہو مسل عدالت ابتدائی کو بتوسط عدالت چیف مجسٹریٹی برائے کارروائی آئندہ اس ہدایت سے واپس ہو کر گواہ مذکور کو طلب کر کے اس کا حسب قاعدہ بیان قلمبند کیا جائے۔
//	//	//	سید افضل علی بنام مسماۃ دلبری بیگم	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۴۸۸ ضابطہ فوجداری	بحث سماعت ہوئی زیر تجویز ہے۔
"	"	عالیرتبت مسٹر جسٹس مولوی امجد علی خاں صاحب بہادر	حاکم علی بنام حفیظ احمد خاں	اپیل اول دیوانی	//
//	//	//	پرشوتم سرن وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۲۹۶، ۳۴۳، ۳۶۷ و ۳۶۶/۱۱۵ بالحاق دفعہ ۲۹ تعزیرات رامپور	صاحب اسسٹنٹ ایڈوکیٹ نے رپورٹ پیش کی کہ نگرانی زیادتی سزا کیلئے منجانب پولیس کاغذات موصول ہوئے ہیں جو زیر غور ہیں۔ آج کی پیشی ملتوی فرمادی جائے لہذا حکم ۲۴ ستمبر پیش ہو۔
"	"	عالیرتبت مسٹر جسٹس چودھری اشرف الزماں صاحب بہادر	مختار بیگم وغیرہ بنام مسماۃ جان بیگم وغیرہ	عذرداری دیوانی	اس بحث کے لئے کہ آیا عذرداری ہذا قابل سماعت ہے یا نہیں مسل ہذا بتاریخ ۱۵ اکتوبر ۱۹۲۱ء پیش ہو۔
" "	//	//	چھدن خاں بنام کلن خاں	اپیل دیوانی بدعوی داخل آراضی تعینی یکصد روپیہ	بحث وکیل رسپانڈنٹ سماعت ہوئی جوابی بحث کے لئے مسل ہذا ۱۸ ستمبر ۱۹۲۱ء کو پیش ہو۔
" " "	//	بنچ: عالیرتبت مسٹر جسٹس چیف جسٹس بہادر و عالیرتبت مسٹر جسٹس چودھری شرف الزماں صاحب بہادر و عالیرتبت مسٹر امجد علی خاں صاحب	حبیب الرحمن خاں وغیرہ بنام سرکار بہادر	استصواب فوجداری بجرم دفعہ ۱۶۱ و ۱۶۱/۱۱۳ تعزیرات رامپور	بحث سماعت ہوئی زیر غور ہے۔
۱۸ ستمبر	پنجشنبہ	ایضاً	//	//	امور مندرجہ تجویز جواب کے ساتھ کاغذات مسل باطلاع عالیرتبت مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر انصاری ارسال ہو۔
//	//	عالیرتبت مسٹر محمد ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	لکھا سائل بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری	نگرانی ہذا نامنظور ہو۔
"	"	عالیرتبت مسٹر جسٹس امجد علی خاں صاحب بہادر	ریوتی رمن بنام پریشاد وغیرہ	ابتدائے دیوانی استقراریہ	مدعاعلیہم ۱ لغایت ۵ و ۳۳ لغایت ۱۰ کی جانب سے جواب داخل ہوگیا ہے مسل بااستثنائے ایڈوکیٹ مدعی موجود ہیں ۲۶ اکتوبر ۱۹۲۱ء کو پیش ہو۔
//	//	عالیرتبت مسٹر جسٹس چودھری شرف الزماں صاحب بہادر	چھدن خاں بنام کلن خاں	اپیل دیوانی بدعوی دخل آراضی تعینی یکصد روپیہ	جوابی بحث ایڈوکیٹ اپیلانٹ سماعت ہوئی۔ مسل زیر تجویز ہے۔

حکم اجلاس ڈائرکٹر صاحب بہادر زراعت

اعلان

رامپور رضا ٹکسٹائل مل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے عام پبلک۔ کاشتکاران اور دلالوں کو ہدایت کیجاتی ہے کہ وہ ریاست میں پیدا شدہ کپاس کو حدود ریاست سے باہر نہ بھیجیں۔ ریاست میں کپاس کی تمام پیداوار چندوسی مارکیٹ کے نرخ پر رضا ٹیکسٹائل فیکٹری اپنی جننگ مل کیواسطے خریدیگی۔ تاریخ اشاعت گزٹ سے کپاس کا کاروبار کرنے والے ہر شخص پر اس حکم کی پابندی لازم ہوگی۔ خریداری کپاس کیلئے فیکٹری اپنے ڈپو ہر تحصیل میں مختلف مقامات پر کھولے گی۔ ریاست میں کپاس کا رقبہ بڑھا کر کاشتکاران کا مفاد حکومت کا مطمع نظر ہے۔ گزٹ میں اشاعت کے ساتھ ساتھ حکم ہذا کی ایک نقل بغرض اطلاع عام "ناظم" میں بھی طبع کرائی جارہی ہے اور ہینڈ بل بھی تقسیم کئے جائینگے۔

ڈائرکٹر زراعت

حکم سول جج صاحب

دیوالیہ

۱۷ ستمبر ۱۹۴۱ء

نمبر مسل ۴۹ منفصلہ ۱۱ ستمبر ۱۹۴۱ء

مقدمہ صاحبزادہ محمد توسل حسین خانصاحب بہادر ولد صاحبزادہ تجمل حسین خانصاحب بہادر مرحوم ساکن رامپور محلہ زینہ فتح خاں سائل

بنام

تہور خاں ولد نامعلوم ساکن رامپور محلہ انگوری باغ محمود خاں ولد نور خاں ساکن رامپور محلہ مدرسہ صاحبزادی بدرالجہاں بیگم صاحبہ زوجہ صاحبزادہ تجمل حسین خانصاحب بہادر ساکن رامپور محلہ عقب کوتوالی جدید۔ فریق ثانیان۔

درخواست دیوالیہ

حکم ہوا کہ

سائل کا حکم قرارداد دیوالیہ مورخہ ۲۷ فروری ۱۹۴۱ء منسوخ کیا جاتا ہے سائل کا کوئی اثاثہ نہیں ہے اس لئے فیس اشاعت گزٹ معاف کیجاتی ہے۔

دستخط سول جج صاحب

دیوالیہ

۱۷ ستمبر ۱۹۴۱ء

نمبر ۲۰ حکم ۱۱ ستمبر ۱۹۴۱ء

مقدمہ فیاض محمد خاں عمر تخمیناً ۵۰ سال ولد غلام قادر خاں قوم پٹھان ساکن رامپور محلہ گھیر میانخاں سائل دیوالیہ۔

بنام

مسماۃ قیصر جہاں بیگم عمر تخمیناً ۳۰ سال بنت مظفر خاں قوم پٹھان ساکن رامپور محلہ گھیر میر باز خاں بولایت و رفاقت مظفر خاں پدر خود ولد قدرتی قوم پٹھان پیشہ تجارت ساکن رامپور محلہ گھیر میر باز خاں فریق ثانیہ۔

درخواست حسب دفعہ ۷۵ قانون دیوالیہ بابت ۱۹۰۸ء

حکم ہوا کہ

درخواست ڈسچارج سائل نامنظور ہو۔ سائل کو ایکسال کی مزید توسیع درخواست ڈسچارج پیش کرنے کو ۱۱ اگست ۱۹۴۱ء سے دیجاتی ہے۔

دستخط سول جج صاحب۔

نقشہ موسمی حالات جو پنوڑیہ سیڈ اسٹور پر روزانہ ۸ بجے صبح نوٹ کئے گئے۔

تاریخ ریکارڈ	ہوا کا رخ	ہوا کا دباؤ	بارش: گذشتہ ۲۴ گھنٹوں میں	بارش: افزودن ۱۵ر جون	بارش: افزودن ۱۲ر اکتوبر	بارش: افزودن یکم جنوری	درجہ حرارت: ۸ بجے صبح	درجہ حرارت: کم سے کم گذشتہ ۲۴ گھنٹوں میں	درجہ حرارت: زیادہ سے زیادہ گذشتہ ۲۴ گھنٹوں میں	ہوا میں رطوبت کا اندازہ	موسمی حالت
۱۲ر ستمبر ۱۹۱۱ء	شمال مشرق	۲۹٫۱۲	کچھ نہیں	۱۸٫۵۷	۲۸٫۰۷	۲۷٫۳۸	۸۶ درجہ	۷۶ درجہ	۹۲ درجہ	۷۶ فیصدی	آسمان ابر آلود رہا۔
۱۳ر ״ ״	جنوب مشرق	۲۹٫۰۸	״	۱۸٫۵۷	۲۸٫۰۷	۲۷٫۳۸	״ ۹۰	״ ۷۷	״ ۱۰۵	״ ۹۷	آسمان صاف رہا۔
۱۴ر ״ ״	شمال مغرب	۲۹٫۰۱	״	۱۸٫۵۷	۲۸٫۰۷	۲۷٫۳۹	״ ۸۵	״ ۷۷	״ ۱۰۱	״ ۹۷	״ ״
۱۵ر ״ ״	جنوب مغرب	۲۹٫۰۹	״	۱۸٫۵۷	۲۸٫۰۷	۲۷٫۳۸	״ ۸۴	״ ۷۳	״ ۱۰۱	״ ۶۹	״ ״
۱۶ر ״ ״	شمال مغرب	۲۹٫۰۱	״	۱۸٫۵۷	۲۸٫۰۷	۲۷٫۳۸	״ ۸۵	״ ۷۸	״ ۱۰۱	״ ۶۵	آسمان ابر آلود رہا۔
۱۷ر ״ ״	״	۲۹٫۰۱	״	۱۸٫۵۷	۲۸٫۰۷	۲۷٫۳۸	״ ۸۲	״ ۷۸	״ ۱۰۱	״ ۷۱	״ ״
۱۸ر ״ ״	״	۲۹٫۰۵	״	۱۸٫۵۷	۲۸٫۰۷	۲۷٫۳۸	״ ۸۲	״ ۷۵	״ ۸۹	״ ۸۳	״ ״ اور معمولی چھینٹے بھی پڑے۔

نقشہ نرخ اجناس ریاست رامپور ہفتہ سوم ماہ ستمبر ۱۹۲۱ء

نام اجناس	تحصیل حضور	تحصیل ملک	تحصیل شاہ آباد	تحصیل بلاسپور	تحصیل سوار	تحصیل ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۸ار	۸ار	۸ار	۸۰ار		
نخود خالص		۵ار	۸۰ار	۹ار	۹۰ار		
نخود کتہ آمیز		۰	۹۰ار	۹۰ار	۱۰ار		
کسہ		۰	۱۰ار	۶ار	۱۰ار		
ماش		۶ار	۵ار	۵۰ار	۵۰ار		
مونگ		۰	۵ار	۵ار	۵ار		
مکا		۰	۰	۱۲ار	۰		
جئی		۰	۰	۱۳ار	۱۳ار		
گوجئی		۰	۰	۱۲ار	۱۲ار		
عدس		۱۰ار	۱۰ار	۹ار	۱۰ار		
ارہر		۱۰ار	۱۰ار	۹ار	۱۲ار		
برنج		۴۰ار	۵ار	۵ار	۵۰ار		
روغن زرد		۲ چھٹانک	۰۲ار	۱۱ چھٹانک	۳ار		
روغن کنجد		۱۰ار	۲ار	۲ار	۲ار		
روغن سیاہ		۲ار	۰۲ار	۲ار	۲۰ار		
نمک سانبھر		۲۰ار ۱۱۰ار	۱۱۰ار ۱۰۰ار	۱۰۰ار ۱۱۰ار	۱۱۰ار ۱۰۰ار		
نمک لاہوری		۷ار	۷ار	۶ار	۶ار		
قند سیاہ		۶ار	۶ار	۸ار	۸ار		
باجرہ		۰	۰	۰	۰		

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور